دلہن نے مہنگا میک اپ کیا ہوا اور وضو ٹوٹ جائے تو کیا حکم ہے؟

مجیب: مولانا فرحان احمد عطاری مدنی

فتوی نمبر: Web-1373

تاریخ اجراء: 27 جمادی الثانی 1445ھ / 10 جنوری 2024ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

اگر کسی دلہن کا میک اپ کروانے کے بعد وضو ٹوٹ جائے، تو اس کے لیے کیا حکم ہو گا؟ میک اپ 30 سے 35 ہزار اور کوئی کوئی 60 سے 70 ہزار تک کا ہوتا ہے، تو کیا وضو کے لئے چہرہ وغیرہ اعضائے وضو دھونا لازم ہوں گے؟

بِسْمِ اللهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَالصَّوَابِ

میک اپ کتنا ہی مہنگا کیوں نہ ہو اس کی وجہ سے وضو کرنے کا حکم ختم نہیں ہوتا، دلہن پر بدستور وضو کر کے ہی نماز پڑھنا شرعاً فرض رہے گا کیونکہ میک اپ کا خراب ہو جانا ایسا عذر نہیں ہے جس کے سبب تیمم کرنا جائز ہو۔ دلہن کا وضو ٹوٹ جائے اور فرض نماز کا وقت ختم ہو رہا ہو تو وضو کر کے ہی نماز پڑھنا فرض ہے۔ البتہ ممکنہ صورت میں یہ ہو سکتا ہے کہ دلہن باوضو ہو کر میک اپ کروائے اور پھر اس وضو کو برقرار رکھے تاکہ نمازوں کے اوقات میں اس کو وضو نہ کرنا پڑے، یوں یہ باوضو حالت میں نماز بھی پڑھ لے گی اور میک اپ پر بھی کوئی فرق نہیں پڑے گا۔ تاہم اگر باوضو ہو کر میک اپ تو کر لیا لیکن میک اپ کے بعد دوبارہ وضو کی حاجت پیش آئی تو اب نماز کے لئے دوبارہ وضو کرنا ضروری ہو گا، فقط میک اپ کے خراب ہو جانے کے سبب تیمم نہیں کر سکتی۔ نیز اگر میک اپ واٹر پروف ہے یا تہہ والا ہے جو پانی کھال تک پہنچنے سے رکاوٹ بنے گا تو میک اپ ختم کروا کر ہی وضو کرنا ہو گا اوپر سے وضو کرنے سے وضو نہ ہو گا۔

<u>**تنبیہ:**</u> شادی بیاہ اور اس طرح کے دیگر مواقع پر بعض عورتیں معاذاللہ ثم معاذاللہ میک اپ خراب ہونے کے ڈر سے یا سستی کے باعث نمازیں قضا کر دیتی ہیں۔ یاد رہے! کہ بلاوجہِ شرعی کسی ایک وقت کی نماز بھی قضا کر دینا سخت ناجائز و حرام اور جہنم میں لے جانے والا کام ہے۔ لہٰذا ایسی اسلامی بہنوں کو چاہیئے کہ اللہ عزوجل کے قہر و غضب سے ڈرتے ہوئے ان مواقع پر بھی اپنی نمازوں کا خاص خیال رکھیں۔

قصداً نماز قضا کر دینے سے متعلق "کنز العمال" کی حدیث شریف میں ہے کہ حضور جانِ عالم صلی اللہ علیہ واٰلہٖ وسلم نے ارشاد فرمایا: "من ترک الصلاۃ متعمداً کتب اسمه علی باب النار ممن یدخلها" ترجمہ: جس نے قصداً نماز چھوڑی تو اس کا نام جہنم کے اس دروازے پر لکھ دیا جاتا ہے جس سے وہ جہنم میں داخل ہو گا۔ (العیاذ باللہ)

(کنز العمال، جلد 7، صفحہ 325، الحدیث: 19090، موسسة الرسالة)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net